<u>**اساتذہ کے لیے اسکرپٹ**</u>

پیارے بچو!

آج ہم آپ کا ٹیسٹ لینے آئے ہیں . آپ کو گھبرانے کی بالکل ضرورت نہیں .اس ٹیسٹ کا نتیجہ آپ کی پڑھائی پر کوئی اثر نہیں ڈالے گا اور آپ کے نمبر آپ کے اساتذہ یا والدین کو نہیں بتائے جائیں گے.

آج کے ٹیسٹ میں تین سیکشن/حصّے ہیں .اردو ، ریاضی اور انگریزی .اس ٹیسٹ کو حل کرنے کے لئے آپ کو 1 گھنٹہ 30 منٹ دیئے جائیں گے.

اگر آپ کو کسی سوال کا جواب نہیں آتا تو فکر کی کوئی بات نہیں .آپ اگلے سوال کا جواب دینے کی کوشش کریں.
ٹیسٹ شروع کرنے سے پہلے اس پرچے پر اپنا نام،جماعت،اسکول کا نام،اسکول کوڈ اور تاریخ ضرور لکھیں. اگر آپ کو اسکول کوڈ معلوم نہیں تو ہم سے پوچھ لیں.
(5 منٹ انتظار کریں تاکہ بچے یہ معلومات لکھ لیں)

بچو! اپنے سامنے رکھے ہوئے سوالیہ پرچے کا پہلا صفحہ کھولیں .توجہ سے اس مثال کو دیکھیں اور دو اہم باتیں نوٹ کر لیں.
1.آپ کو ہر صفحے پر ایک سوال نظر آئے گا جس کے دو حصّے ہوں گے.اوپر والے حصّے میں سوال حل کرنے کا درست طریقہ بتایا گیا ہو گا اور نیچے والے حصّے میں آپ نے سوال حل کرنا ہو گا. پہلے صفحے میں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ دو سوال ہیں اور دونوں کے اوپر والے حصّے میں سوال حل کر کے دکھایا گیا ہے. یہ اس لیے ہے کہ اگر آپ کو سوال نہیں سمجھ آ رہا تو مثال دیکھ کے سوال سمجھ لیں اور کسی بچے، استاد اور نگران صاحبان سے مدد حاصل نہ کریں.

2. ٹیسٹ میں 2 قسم کے سوال ہیں:

- جیسا کہ آپ دیکھ سکتے ہیں پہلے صفحے پر پہلی قسم کے سوال میں آپ کو گرے(grey) رنگ کا خالی ڈبہ پُر کرنا ہو گا .



مثلاً 1 کے بعد خالی ڈبہ ہے، جس کے بعد 3 لکھاہے. اگر آپ گنتی کریں، تو اسکے بعد 2 اوراسکےبعد 3 آتا ہے .اس لئے آپ نے گرے(grey)رنگ کے ڈبّے میں 2 لکھ دیا .اسی طرح ، چار کے بعد پانچ اور پانچ کے بعد کونسا نمبر/ہندسہ آتا ہے؟(انتظار کریں کے بچے 6کہیں).شاباش !اسی طرح اگلی مثال میں سات کے بعد ایک خالی ڈبہ ہے . اور ڈبے کے بعد 9 ہے .اس ڈبے میں کونسا نمبر/ ہندسہ درج ہو گا؟ (جواب:8) شاباش! اسکے آگے دیکھیں توآپ کو ایک تصویر نظر آئے گی جس میں گیند بنی ہوئی ہے.اسکے نیچے خالی ڈبّے میںballلکھاہواہے .اس تصویر کی نیچےایک اورتصویرہے.بتائیں یہ کیاچیزہے(انتظارکریں کہ بچے catکہیں). شاباش!اب اس تصویر کے نیچے ڈبے میںcatلکھ دیں.کوئی ایسا بچہ جس کو سمجھ نہ آ سکی ہو، اپنا ہاتھ کھڑا کر کے بتائے (.30 سیکنڈ انتظار کریں)

- اب صفحہ نمبر 2 پر مثالی سوال دیکھیں. یہ دوسری قسم کا سوال ہے



اس میں آپ نے درست جواب کے گرد دائرہ لگانا ہے .اس مثال کو غور سے دیکھیں 1,2,3 کے بعد جگہ خالی ہے، اور اسکے بعد 5 لکھا ہے .اگر آپ گنتی کریں تو اس خالی جگہ میں کون سا نمبر آئے گا؟ چار ! چار درست جواب ہے، جس کے گرد آپ نے دائرہ لگانا ہے .اس سے نیچے دیکھیں 2 کے بعد کون سا نمبر آتا ہے؟(انتظار کریں کے بچے کہیں"سات ")شاباش !آپ سات کے گرد دائرہ لگائیں .اسکے بعد اگلی مثال دیکھیں اس میں. I am________ boy کے درمیان خالی جگہ موجود ہے.اس خالی جگہ میں نیچے دیئے گئے الفاظ میں سے ایک لفظ آنا ہے. صحیح جواب "a" کے گرد دائرہ لگا ہوا ہے.ایسے ہی نیچے والی مثال کو دیکھ کے بتائیں کہ کس لفظ کے گرد دائرہ لگنا ہے.(انتظار کریں کہ بچے "a" کہیں)اگر بچوں کو اسکا جواب نہیں آتا تو انہیں خود جواب بتا کر کہیں کہ a کے گرد دائرہ لگائیں اور باقی سوال بھی ایسے ہی حل کریں.

بچو، اگر آپ کو سوال حل کرنے کا طریقہ سمجھ نہیں آیا، تو ہمیں بتائیں، ہم آپ کو دوبارہ سمجھا دیتے ہیں (1منٹ انتظار کریں)

شاباش بچو !اب ہم ٹیسٹ شروع کرتے ہیں .پیپر حل کرنے کے لیے آپکے پاس 1گھنٹہ 30 منٹ ہیں.

اگر کوئی بچہ ٹیسٹ وقت سے پہلے حل کر لیتا ہے تو اس سے ٹیسٹ لے کر اسے جانے کی اجازت دیں تا کہ وہ دوسروں کو نقل نہ کروا سکے.

(90منٹ کے بعد) بچو !آپکے ٹیسٹ کا وقت ختم ہوگیا ہے . یقین کر لیں کے آپ نے پرچے پہ اپنا نام ،اسکول کا نام اور جماعت لکھی ہے .خاموشی سے اپنی کرسی پر بیٹھے رہیں .ہم آپ سے ٹیسٹ پیپر واپس لیں گے.